# ملاکی

**۱** خداوند کی طرف سے ملاکی کی معرفت اسرائیل کے لئے پیغام۔

## خدا اسرائیل سے محبّت رکھتا ہے

۲ خداوند فرماتا ہے، ”لوگو! میں نے تم سے محبّت کی ہے۔“
لیکن تم نے کہا، ”تم نے ہم سے کیسے محبّت کیا؟“
خداوند فرماتا ہے، ”کیا عیساؤ یعقوب کا بھائی نہیں تھا؟ اب تک میں
نے یعقوب سے محبّت کیا۔ ۳ لیکن میں نے عیساؤ سے نفرت کیا۔ میں
نے اُسکے پہاڑی ملک کو ویران کیا۔ اسکی زمین کو ریگستان کے گیدڑوں
کو دے دیا گیا۔“
۴ اگر ادوم کہے، ”ہم برباد ہوگئے تھے، پر ویران جگہوں کو پھر آکر
تعمیر کریں گے۔“
تو خداوند قادر مطلق یہ فرماتا ہے: ”ہو سکتا ہے وہ اسے پھر سے بنائے،
لیکن میں اسے پھر سے ڈھا دونگا!“ تب تک انلوگوں کو شریر کا علاقہ کہا
جاتا ہے۔ وہ لوگ جن کے ساتھ خداوند ہمیشہ ناراض رہتا ہے۔
۵ تم اپنی آنکھوں سے دیکھوگے اور کہوگے، ”خداوند اسرائیل کے
باہر بھی عظیم ہے۔“

## لوگ خدا کی تعظیم نہیں کرتے

۶ خداوند قادر مطلق تم کو فرماتا ہے، ”اے کاہنو میرے نام سے کون
تحقیر کرتا ہے! بیٹا اپنے باپ کی اور نوکر اپنے آقا کی تعظیم کرتا ہے۔
اسلئے اگر میں باپ ہوں تو مجھے عزّت کیوں نہیں دی جارہی ہے، اور اگر میں
آقا ہوں تو کیوں کوئی شخص مجھ سے نہیں ڈرتا ہے؟“
لیکن تم کہتے ہو، ”ہم لوگوں نے کیسے تیرے نام کی تحقیر کی ہے؟“
۷ ”ناپاک کھانے کا نذرانہ پیش کر کے!“
لیکن تم نے کہا، ”ہم لوگوں نے اسے کیسے ناپاک کیا؟“
یہ سوچ کر کہ شاید خداوند کی قربانی گاہ کی تحقیر ہو؟“ ۸ ”جب تم
اندھے کی قربانیاں کرتے ہو تو کیا یہ غلط نہیں ہے؟ اور جب لنگڑے یا
بیمار جانور کی قربانی پیش کرتے ہو تو کیا یہ غلط نہیں ہے؟ یہی تو اپنے صوبہ
دار کو پیش کرو تو کیا ”تم سے خوش ہوگا یا تیرا ہمدرد ہوگا؟“ خداوند
قادر مطلق فرماتا ہے۔
۹ ”اور اب برائے کرم خدا سے اسکے کرم کی درخواست کر کہ شاید وہ
ہملوگوں پر مہربان ہو۔ تم ذمہ دار ہو، کیا وہ تم سے کسی کے ساتھ بھی خوش
ہوگا؟“ خداوند قادر المطلق فرماتا ہے۔
۱۰ ”کاش تم میں کوئی ایسا ہوتا جو ہیکل کی دروازے بند کرتا، تا کہ
تم میری قربان گاہ پر بلامقصد کا آگ نہ جلاتے۔ میں تم سے خوش نہیں ہوں
اور میں تیرے ہاتھ کا کوئی بھی تحفہ قبول نہیں کرونگا۔“ خداوند قادر المطلق
یہ فرماتا ہے۔
۱۱ ”کیونکہ طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک میرا نام عظیم
ہے۔ اور ہر جگہ میرے نام کی تعظیم میں بخور کا نذرانہ پیش کیا جاتا ہے اور
ساتھ ہی ساتھ خالص نذرانہ بھی پیش کیا جاتا ہے کیونکہ میرا نام قوموں میں
عظیم ہے۔“ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے۔
۱۲ ”لیکن تم یہ کہکر اسکی بے حرمتی کرتے ہو کہ خداوند کی قربان گاہ
ناپاک ہے۔ اور قربانی کا کھانا گھٹیا ہے۔ ۱۳ تم نے کہا، ”یہ کیسی زحمت
ہے! اور مجھے غصّہ دلاتا ہے۔ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے۔ اور پھر تم نذرانہ
کے طور پر چرایا ہوا جانور یا وہ جو لنگڑا ہو یا بیمار ہو پیش کیا۔ کیا میں ان کو
تمہارے ہاتھ سے قبول کروں گا؟“ خداوند فرماتا ہے۔ ۱۴ ان دھوکے
بازوں پر لعنت ہو جس کے جھنڈ میں نر جانور ہو اور وہ اسے خداوند کو پیش
کرنے کا وعدہ کرتا ہو لیکن ایک بیمار جانور پیش کرتا ہو۔ کیونکہ میں ایک
عظیم بادشاہ ہوں،“ خداوند قادر المطلق فرماتا ہے، ”اور میرا نام قوموں میں
خوفناک ہے۔“

## کاہنوں کے لئے احکام

**۲** ”اور اب اے کاہنو! یہ احکامات تمہارے لئے ہے، میری سنو! جو
میں کہتا ہوں اس پر دھیان دو۔ میرے نام کی تمجید کرو۔ ۲ اگر تم
نہیں سنوگے اور میرے نام کی سنجیدگی سے تمجید نہیں کروگے،“ خداوند
قادر مطلق فرماتا ہے، ”تب میں تم پر لعنت بھیجونگا اور تمہاری دعاؤں کو
لعنت میں بدل دونگا۔ سچ مچ میں نے تم لوگوں پر لعنت ڈالنا شروع
کردیا ہوں کیونکہ تم لوگوں نے اسے سنجیدگی سے نہیں لیا۔“
۳ ”دیکھو! میں تیری نسلوں کو ڈانٹونگا اور تمہارے چہروں پر اُن
جانوروں جو کہ قربانی کے لئے تھے کے گوبر کو پھیلادونگا۔ اور میں تیری
قربانی کی تقریب کے گوبر کو بھی تیرے چہرے پر پھیلادونگا۔ اور تم کو
اپنے آپ سے دور رکھونگا۔ ۴ تب تم سمجھوگے کہ میں تمہیں یہ حکم بھیجا

ہوں، تاکہ لاویوں کے ساتھ میرا معاہدہ قائم آئیگا۔'' خداوند قادر مطلق نے یہ
سب کہا۔
۵ ''اسکے ساتھ میرا معاہدہ ایک زندگی اور سلامتی ہے۔ میں نےوہ اسے
سب دیا جب مجھ سے خوفزدہ ہوا تھا اور میرا نام کا احترام کیا تھا۔ ۶ سچی
ہدایت اسکے منہ میں تھا۔ انکے ہونٹوں میں کبھی غلطی نہیں پائی گئی۔ اسکا
راستہ میری نظر میں مکمل اور صحیح تھا۔اور اس نے بہت سے لوگوں کو انکی
زندگی کے گناہ کے راستے سے واپس لایا۔ ۷ لوگ جانکاری حاصل کرنے کے
لئے کاہن کو دیکھے۔ وہ لوگ اسکے پاس ہدایت کا کلام حاصل کرنے کے لئے
جاتا ہے کیونکہ وہ خداوند قادرالمطلق کا پیغمبر ہے۔''
۸ ''لیکن تم کاہنو! میرے راستے سے ہٹ گئے۔ تمہاری ہدایت
بہت سے لوگوں کا گناہ میں ٹھوکر کھانے کا سبب بنا۔ تم نے لاوی
کے ساتھ کئے گئے معاہدہ کو توڑ دیئے،'' خداوند قادر مطلق فرماتا ہے۔ ۹ ''اسلئے
میں نے تمہیں تمام لوگوں کے سامنے حقیر اور ذلیل کیا۔ کیونکہ تم نے
میری راہ پر نہیں چلا۔اور کیونکہ تم نے انلوگوں کے ساتھ جانبداری کا معاملہ
کیا جسے تم نے میری تعلیمات کو سکھایا۔''

## یہوداہ خدا کے آگے سچا نہیں رہا

۱۰ کیا ہم سب کا ایک ہی باپ نہیں (خدا ) ہے کیا اسی ایک
خدا نے ہم سب کو پیدا نہیں کیا۔ پھر کیوں ہم میں سے کچھ لوگ دوسرے
کو دھوکہ دیتے ہیں ؟ لوگ جو اس معاہدہ کی بے حرمتی کرتے ہیں جسے کہ
خدا نے ہمارے باپ دادا سے کئے تھے۔ ۱۱ یہوداہ بےوفا تھے اور کچھ
چیزیں اسرائیل اور یرشلم میں بہت بُرا کیا گیا تھا ۔ کیونکہ یہوداہ
کے آدمیوں نے خداوند کے مقدس جگہ کی بے حرمتی کی جس سے کہ خدا
محبت کرتا ہے اور انلوگوں ان عورتوں سے شادی کی جو کہ غیر ملکی معبود کی
پرستش کرتے ہیں۔ ۱۲ کاش خدا یعقوب کے خاندان کا کوئی بھی شخص
جو ایسا کرتا ہے اسے ہٹا دے وہ جو بھی ہو ۔ اگر وہ خداوند قادرالمطلق کو
نذرانہ بھی پیش کرتے ہیں۔ ۱۳ اور تمہیں یہ بھی کرنا چاہئے: خداوند کی
قربان گاہ کو آنسوؤں سے بھر دو ۔ تم روؤ اور ماتم مناؤ کیونکہ وہ تمہارے
نذرانے اور قبول نہیں کرتے ہیں۔ اور وہ اسے ہمدردی کے ساتھ تمہارے
ہاتھ سے قبول نہیں کریگا۔
۱۴ اور تم پوچھو، ''ہمارے تحفے کے خداوند کے ذریعہ کیوں قبول
نہیں کیا گیا؟'' کیونکہ خداوند تمہارے خلاف گواہ ہے۔ اسنے دیکھا کہ تم اپنی
بیوی کے جس سے تم نے جوانی کے وقت شادی کی تھی بےوفا تھے۔ تم
نے اس سے دغا بازی کی حالانکہ وہ مقدس وعدہ سے تمہارے شریک حیات
ہے۔ ۱۵ کیا خدا نے شوہر اور بیوی کو ایک جسم اور ایک روح ہونے
کے لئے پیدا نہیں کیا۔ اور یہ کیا ہے جس کی خدا نے خواہش کی؟ خدائی
نسل۔ اسلئے اُس روحانی اتحاد کو قائم رکھنے کے لئے ہوشیار رہو، اور اس عورت
سے جس سے تم جوانی میں شادی کئے تھے بےوفائی مت کر۔
۱۶ خداوند اسرائیل کا خدا فرماتا ہے، ''کیونکہ میں طلاق سے نفرت
کرتا ہوں،'' ''میں اُس آدمی سے نفرت کرتا ہوں جو اپنے کپڑوں کو تشدد
سے ڈھانکتا ہے،*'' خداوند قادر مطلق فرماتا،'' اسلئے ہوشیار رہو اور اپنی
بیوی سے بےوفائی مت کر۔''

## فیصلہ کا خاص وقت

۱۷ تم نے اپنے کلام سے خداوند کو بہت زیادہ بیزار کیا ہے۔ لیکن
تم کہتے ہو، ''ہم لوگوں نے اسے کیسے بیزار کیا؟'' یہ کہتے ہوئے، ''وہ سارے
جو بُرا کرتے ہیں خداوند کی نظر میں حقیقت میں اچھا ہے، اور وہ انلوگوں سے
خوش ہے۔'' یا یہ پوچھتے ہوگے ، ''وہ خدا کہاں ہے جو شریروں کو سزا
دیتا ہے؟''
۳ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے، ''دیکھو! میں اپنا پیغمبر بھیج رہا ہوں،
اپنے سامنے میں راستہ تیار کرنے کے لئے اور خداوند جس کی تم
کھوج کر رہے ہو، وہ اچانک اپنی ہیکل میں آئیگا۔ معاہدے کا پیغمبر جس
کے لئے تم کافی کھوج کر رہے ہو آرہا ہے۔ دیکھو وہ آرہا ہے۔''
۲ ''جب وہ آئے گا اسکے لئے کون برداشت کر پائیگا؟ جب وہ ظاہر
ہوگا اسکے برخلاف کون کھڑا ہونے کے لائق ہوگا ۔ وہ ایک صاف کرنے
والے کارخانے کی بھٹی کے آگ کی طرح ہوگی یا اس صابن کی طرح جو
کپڑوں میں سفیدی لاتا ہے۔ ۳ وہ اس شخص کی طرح بیٹھے گا جو چاندی کو
صاف اور خالص کرتا ہے، اور وہ لاویوں کو خالص بنائیگا اور انہیں سونے اور
چاندی کی طرح خالص بنائیگا تاکہ وہ خداوند کو اپنے نذرانے صحیح طریقہ سے
پیش کرے۔ ۴ تب خداوند کو یہوداہ اور یروشلم کے نذرانے خوش کریگا
جیسا کہ گذرے ہوئے وقتوں میں کرتا تھا۔ ۵ تب میں تمہارے پاس
آؤنگا اور تجھے آزماؤنگا۔ اور میں جادوگروں، زناکاروں، جھوٹی گواہی پیش کرنے
والوں، مزدوروں پر ظلم کرنے والوں، بیواؤں اور یتیموں پر ظلم کرنے
والوں کے خلاف اور انلوگوں کے خلاف جنکے معاملات تمہارے بیچ رہ رہے
غیر ملکیوں کے ساتھ صاف نہ اور ہو جنکو میرا خوف نہ ہو جانچ پرتال کرنے
میں بڑی تیزی برتونگا۔''

---

**کپڑوں کو تشدد سے ڈھانکتا ہے** کوئی آدمی جو اپنی بیوی سے دغا کرتا ہے۔ ''اپنے کپڑوں کو تشدد سے بھرتا ہے۔'' علامتی طور پر کیونکہ وہ اپنے کپڑوں کو اسکے اوپر پھیلایا تھا جب وہ اس سے شادی کی تھی۔ دیکھیں روت ۳:۹ حفاظت کے علامت کے طور پر۔

## خدا کے یہاں سے چوری

۶ ''کیونکہ میں خداوند ہوں اور میں بدلتا نہیں تم اب بھی یعقوب کی
اولاد ہو اور تم تباہ نہیں کئے گئے ہو۔ ۷ تم اپنے باپ دادا کے ایّام سے
میرے آئین سے منحرف رہے اور انکو نہیں مانا۔ تم میری طرف واپس آؤ
اور میں تیری طرف واپس آؤنگا۔'' خداوند قادر مطلق فرماتا ہے۔
''لیکن تم کہتے ہو، ہم لوگ کیسے واپس آئیں؟'
۸ ''کیا کوئی شخص خدا کو لوٹ سکتا ہے؟ لیکن تم لوگ مجھ کو لوٹ
رہے ہو۔
اور تم لوگ کہتے ہو ہم لوگ کیسے نہیں لوٹ رہے ہیں۔ اپنے دسویں حصّے
اور نذرانہ پیش کرتے ہیں۔ ۹ تم لعنت سے ملعون ہوئے کیونکہ تم
مجھے لوٹ رہے ہو، تم سب کوئی!
۱۰ پورے کا پورا دسواں حصّہ میرے گودام میں لاؤ تا کہ میرے گھر
میں خوراک ہوگی۔ براہِ کرم میرا امتحان لو۔'' خداوند قادرالمطلق یہ فرماتا
ہے، '' دیکھو اگر میں تیرے لئے کثرت سے پانی برسانے کا سبب نہ
بنوں گا اور یہ کثرت ہونے تک برکت برساتا نہ رہونگا۔ ۱۱ میں کیڑوں
کو حکم دونگا کہ وہ تمہارے فصلوں کو برباد نہ کرے۔ اور میں بیلوں کو جو کہ
تمہارے کھیتوں میں ہے بکثرت انگور پیدا کراؤنگا۔'' خداوند قادر مطلق یہ
فرماتا ہے۔
۱۲ ''تب ساری قوموں کی برکت کی نظریں تمہارے اوپر ہوگی،
کیونکہ تمہارے پاس خوشگوار زمین ہوگی۔'' خداوند قادرالمطلق یہ فرماتا ہے۔

## فیصلہ کا خاص وقت

۱۳ ''تم نے میرے خلاف بُری باتیں کی۔'' خداوند فرماتا ہے، لیکن
تم کہتے ہو، ''ہم لوگوں نے تیرے خلاف کیا کہا ہے؟''
۱۴ تم نے کہا، ''خداوند کی عبادت کرنا بے کار ہے۔ اسکے حکم کا
پالن کرنے سے کیا فائدہ یا خداوند قادر مطلق کے آگے غمزدہ ہو کر یہ
دکھانے کے لئے کہ ہملوگوں کو اپنے گناہوں کے لئے افسوس ہے جانے سے
کیا فائدہ؟
۱۵ اب ہم کہتے ہیں کہ مغرور بافضل ہو، بد کردار اچھا کرتا ہے، اور جو
خدا کو للکارتے ہیں اسے سزا نہیں ملنی چاہئے۔''
۱۶ تب جو خدا سے خوف کھاتے ہیں وہ ایک دوسرے سے
باتیں کیں۔ خداوند نے انکا سنا اور ان پر دھیان دیا۔ اور ایک دستاویز کی
کتاب اسکے سامنے لکھی گئی۔ ان کی فہرست بنائی گئی جو انکے نام کی
تعظیم کی اسکا خوف کھایا۔
۱۷ خداوند قادرالمطلق فرماتا ہے، ''وہ لوگ میرے ہونگے۔'' وہ لوگ
میرا خاص خزانہ ہوگا اس دن جب میں زمین پر فیصلہ کرونگا، میں انلوگوں پر
اسی طرح رحم و کرم کرونگا جس طرح ایک شخص اپنے بیٹے پر رحم و کرم کرتا
ہے جو اسکی خدمت کرتا ہے۔ ۱۸ تب ایک بار پھر تم جو صادق ہیں
انکے اور جو شریر ہیں انکے بیچ فرق کو اور انکے بیچ جو خدمت کرتا ہے
اور انکے جو اُسکی خدمت نہیں کرتا ہے کے فرق کو دیکھوگے۔
۴ ''دیکھو! دن آرہا ہے جلتے ہوئے بھٹّی کے مانند جب سبھی مغرور
اور وہ سبھی جو بُرائی کرتے ہیں پیالہ کی طرح جل جائینگے۔ اس دن
جو کہ آرہا ہے، یہ انلوگوں کو جلا ڈالے گا۔'' خداوند قادر مطلق یہ فرماتا
ہے، ''اسلئے نہ تو ایک شاخ اور نہ ہی ایک جڑ بچے گی۔
۲ ''لیکن تم جو میرے نام کی تعظیم کرتے ہو، صداقت کا سورج
تمہارے اُوپر اُترے گا اور یہ شفا لائے گا۔ تم آزاد اور خوش ہوگے جسے
بچھڑوں کو تھان سے چراگاہ میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔ ۳ اور تم بدمعاش لوگوں کو
کچلوگے کیونکہ وہ اس دن تمہارے پیروں کے نیچے راکھ کے جیسے ہونگے۔
اس دن جب میں حرکت (زمین پر فیصلہ کرنے کے لئے) کرونگا،'' خداوند
قادر مطلق فرماتا ہے۔
۴ ''میرے خادم موسیٰ کی شریعت، احکامات اور اصول جو کہ میں نے
اسے کوہِ حورب پر دیا تھا تمام اسرائیلیوں کو دینے کے لئے بھیج رہا ہوں۔
۵ دیکھو! میں نبی ایلیاہ کو تمہارے پاس بھیج رہا ہوں خداوند کے اس عظیم
اور بھیانک دن کے آنے کے پہلے۔ ۶ وہ والدین اور بچّوں کو ساتھ لائینگے۔
یہ ضرور ہونا چاہئے ورنہ میں آؤنگا زمین پر وار کرونگا اور اسے پوری طرح تباہ
کردونگا۔''

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**
- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from: http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from: http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html